اسلامُ علیکَ یا اُمِ التوحید جنابِ سیدہ فاطمۃ الزہرا جل جلالہ

ضامنِ توحید

(فضائِلِ جناب سیدہ فاطمۃ الزہرا جل جلالہ)

مولف
غلامِ علی

انجمن تحفظ بنیادی عقائد شیعہ پاکستان

اسلامُ علیکَ یا اُمِ التوحید جنابِ سیدہ فاطمۃ الزہرا جل جلالہ

ضامنِ توحید

(فضائلِ جناب سیدہ فاطمۃ الزہرا جل جلالہ)

مولف

غلامِ علی

www.facebook.com/naashiretabrraghulameali

www.twitter.com/ghulameali110

انجمن تحفظ بنیادی عقائد شیعہ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیشِ لفظ

تمام تعریفیں معبودِ خدا، خالقِ توحید، مالکِ توحید صاحبِ انوارِالٰہی جنابِ سیدہ فاطمۃ الزھرا جل جلالہ جلِ شانہ کے لیے جن کا ذکر کرنا ہی عبدیت کی معراج ہے۔۔۔

بے شمار اور بے حساب درود و سلام محمدؐ و آلِ محمدؐ پر۔۔

مودتِ معصومینؑ ۱۔۲، بحرالفضل، مرگ بر مقصرین، مومن کا عقیدہ، فیضانِ ولایت، اسیر ناموسِ تبرا، عقائدِ جعفریہ، ناموسِ رسالت اور مسلمان، ہے عجز بندگی کہ علیؑ کو خدا کہوں (جلد ۱)، معراج العزا، لمحۂ فکریہ، قندیلِ معرفت، گنجینۂ مودت، تذکرۂ حق، Blasphemy And Muslims، فضائلِ حیدری، عظمتِ نادعلی، جو مجھ پر بیتی، معدنِ تقا، کلماتِ حق، فصلِ ذوالجلال، شمعِ عشق، عقیدے کی جنگ، اعتقاداتِ شیعہ، عرش، علی اللہ جل جلالہ جلِ شانہ اور ہے عجز بندگی کہ علیؑ کو خدا کہوں (جلد ۲) کے بعد "ضامنِ توحید" میری انتیسویں کتاب کی صورت میں بارگاہِ محمدؐ و آلِ محمدؐ میں حاضر ہے۔۔۔

اس کتاب میں ہم نے جنابِ سیدہ فاطمۃ الزھرا جل جلالہ جل شانہ کے بے شمار و بے حساب فضائل میں سے چند باب کو شامل کرنے کی کوشش کی ہے۔۔۔

ہماری یہ دعا ہے کہ جنابِ سیدہ ہماری اس کوشش کو اپنی بارگاہ میں قبول و منظور فرمایں۔۔۔آمین یا علی ربّ العالمین۔

ناشرِ تبرا

غلامِ علی

عبد الزہرا جل جلالہ

جنابِ رسول اللہ احمدِ مجتبیٰ محمدِ مصطفیٰ جل جلالہ جل شانہ نے جنابِ سیدہ فاطمۃ الزہرا جل جلالہ کی شان بیان کرتے ہوئے فرمایا ساری کائنات جس کی عبادت کرتی ہے وہ جنابِ سیدہ فاطمۃ الزہرا جل جلالہ کی عبادت کرتا ہے۔۔ عالمین کا معبود فاطمہ جل جلالہ کا عبد ہے۔۔۔ تمام انبیا، تمام ملائیک، اورتمام انسانوں کا معبود جناب زہرا جل جلالہ کا غلام ہے اور جنابِ سیدہ جل جلالہ کی ہی عبادت کرتا ہے۔۔۔

(حوالہ: کتاب اُم التوحید، صفحہ ۳۸۱)

أم التوحید جل جلالہ

خالقِ عالمین رازقِ کائنات مولائے کُل امام علی جل جلالہ جل شانہ نے فرمایا۔۔۔ معصومینؑ حقیقتِ توحید ہیں اور جنابِ سیدہ فاطمۃ الزہرا جل جلالہ جل شانہ اُم التوحید ہیں۔۔۔ خدا اور تمام معصومینؑ جنابِ سیدہ فاطمۃ الزہرا جل جلالہ کے پروردہ ہیں۔۔ جنابِ فاطمہ جل جلالہ مالکِ توحید ہیں اور امورِ توحید کی ضامن ہیں۔۔۔

(حوالہ: کتاب اُم التوحید، صفحہ ٦٧)

ثنا خوانِ خاکِ پائے زھرا جل جلالہ

آیت اللہ العظمیٰ رہبر معظم امام حق مولا محمد باقر جل جلالہ جل شانہ کی بارگاہ میں ایک صحابی حاضر ہوئے ا ور امام سے دریافت کیا کہ قرآن میں جناب سیدہ فاطمۃ الزھرا جل جلالہ جل شانہ کی شان میں کیا کچھ موجود ہے۔۔؟؟

مولا امام باقر جل جلالہ نے فرمایا قرآن بزرگ ہے مگر اتنا بزرگ نہیں کہ بزرگیِ فاطمۃ الزھرا جل جلالہ بیان کر سکے۔۔۔قرآن وسیع ہے مگر اس کی وسعت اتنی نہیں کہ اس میں تمام فضائلِ فاطمۃ الزھرا جل جلالہ سما سکیں۔۔۔ حقیقت یہ ہے کہ تمام آسمانی کتب اور قرآن صرف ثنا خوانِ خاکِ پائے زھرا جل جلالہ ہیں۔۔۔

قرآن سمیت تمام آسمانی کتب جنابِ سیدہ فاطمۃ الزھرا جل جلالہ کی خاکِ پا کی ثنا خوانی اور مدحت میں مصروف ہیں۔۔

(حوالہ: کتاب اُم التوحید، صفحہ ۱۷)

وجۂ عزت و فضیلت و طاقت و قدرت

خالقِ عالمین رزاقِ کائنات مولائے کُل امام علی جل جلالہ جل شانہ نے فرمایا کائنات میں مجھ علی سے زیادہ فضیلت والا کوئی نہیں۔۔ تمام عالم میں مجھ علیؑ سے زیادہ عزت والا کوئی نہیں۔۔۔ مگر میری تمام فضیلتیں، میری تمام عزتیں، میری تمام تر طاقت و قدرت جناب سیدہ فاطمۃ الزہرا جل جلالہ جل شانہ کی وجہ سے ہیں۔۔۔

(حوالہ: کتاب جمالِ معرفت، صفحہ ۳۸)

سجدہ گاہِ خدا

آیت اللہ العظمیٰ رہبرِ معظم امامِ حق مولا موسیٰ کاظم جل جلالہ نے فرمایا درِ جنابِ سیدہ فاطمۃ الزہرا جل جلالہ جل شانہ خدا اور اس کے ملائکہ اور اس کے انبیا کے سجدہ کرنے کا مقام ہے۔۔۔ خدا کی خدائی باقی نہ رہے اگر وہ درِ زہرا پر سجدہ ریز نہ ہو۔۔۔

(حوالہ: کتاب احوالِ عرفان، صفحہ ۴۸)

سید و امیر

جنابِ رسول اللہ احمدِ مجتبیٰ محمدِ مصطفیٰ جل جلالہ جل شانہ نے فرمایا میں سید الانبیا ہوں اور جنابِ سیدہ فاطمۃ الزھرا جل جلالہ میرے سید ہیں۔۔علیؑ مرتضیٰ امیر المومنین ہیں اور جنابِ فاطمۃ الزھرا جل جلالہ ان کے امیر ہیں۔۔۔۔اسی سبب ہم پر جنابِ فاطمۃ الزھرا جل جلالہ کی عزت و تعظیم کرنا واجب ہے۔۔۔

(حوالہ: کتاب احوالِ عرفان، صفحہ ۷)

ذکر توحید

آیت اللہ العظمیٰ رہبر معظم امامِ حق مولا علی رضا جل جلالہ جل شانہ نے فرمایا سب سے بہترین عمل ہم معصومینؑ کا ذکر کرنا ہے اور ذکر کی معراج فضائلِ جنابِ فاطمۃ الزھرا جل جلالہ بیان کرنا ہے۔۔۔جو بھی فضائلِ جنابِ سیدہ جل جلالہ کو چھپاتا ہے یا فضائلِ جنابِ سیدہ جل جلالہ پر شک کرتا ہے وہ ابلیس ہے۔۔۔

(حوالہ: کتاب اُم التوحید، صفحہ ۲۰۷)

خالقِ نور و روحِ خدا

جنابِ سیدہ فاطمۃ الزھرا جل جلالہ نے فرمایا میں ہوں خالقِ نور اللہ۔۔۔ میں ہوں خالقِ روح اللہ۔۔۔ ہم اپنے عابدین کے اجسام میں روح پھونکتے ہیں اور ان کے ذہنوں میں اللہ کا نور نازل کرتے ہیں۔۔۔

(حوالہ: کتاب اُم التوحید، صفحہ ۱۰۰۶)

شانِ بی بی پاک جل جلالہ

آیت اللہ العظمیٰ رہبر معظم خالق حقیقی رب العالمین امامِ حق مولا علی جل جلالہ جل شانہ نے فرمایا میں تمام عالمین کا حاکم اور سردار ہوں مگر جنابِ سیدہ فاطمۃ الزھرا جل جلالہ میری بھی حاکم اور سردار ہیں۔۔ میں تب تک کوئی کام انجام نہیں دے سکتا جب تک اس میں جنابِ سیدہ فاطمۃ الزھرا جل جلالہ کا حکم شامل نہ ہو۔۔ کائنات میری تعظیم کرتی ہے اور میں فاطمہ جل جلالہ کی تعظیم کرتا ہوں۔۔ پورا عالم میری تسبیح کرتا ہے اور میں فاطمہ جل جلالہ کے تسبیح کرتا ہوں۔۔۔ تمام مخلوقات میرے آگے جھکتی ہیں مگر میں فاطمہ جل جلالہ کے آگے جھکتا ہوں۔۔

آیت اللہ عظمیٰ رہبر معظم رسول اللہ جل جلالہ سے حضرت ابوذر غفاریؓ نے دریافت کیا یا رسول اللہ جل جلالہ آپ بی بی فاطمہ زہرا جل جلالہ کی تعظیم میں کیوں کھڑے ہوتے ہیں۔۔؟؟ کیا آپ ان کو بیٹی کی حثیت سے احترام کرتے ہیں۔۔؟؟ رسول پاک جل جلالہ نے فرمایا جناب فاطمۃ الزھرا جل جلالہ کا احترام کرنا مجھ پر لازم ہے۔۔ میں زہرا جل جلالہ کا احترام اس لیے نہیں کرتا کہ وہ میری بیٹی ہے بلکہ ان کے احترام کی وجہ یہ ہے کہ میں ان کی حقیقت سے کچھ حد تک واقف ہوں۔۔ جناب فا طمۃ الزھرا جل جلالہ میرے گھر میں بیٹی بن کر ضرور نازل ہوئی ہیں مگر حقیقت یہ ہے کہ وہ ہی تو مجھ کو نبوت عطا کرنے والی ہستی ہیں۔۔۔ میں اسی ذات کا پیغام لے کر ہی تو دنیا میں بھیجا گیا ہوں۔۔ مجھ سے پہلے جتنے نبیؑ بھیجے گئے سب جنابِ فاطمہ جل جلالہ کے طابع تھے اور ان ہی کے احکامات پر عمل کرتے تھے اور میرے بعد آنے والے تمام امامؑ بھی فاطمہ جل جلالہ کے پروردہ ہونگے اور انہی کے احکامات پر عمل کریں گے۔۔

حضرت ابوذرؓ نے پوچھا یا رسول اللہ جل جلالہ کیا جناب فاطمۃ الزھرا جل جلالہ ہی اللہ ہیں۔۔؟؟؟ رسول اللہ جل جلالہ نے مسکرا کر فرمایا اللہ تو خو فاطمہ جل جلالہ کے احکامات کا طابع ہے۔۔ وہ فاطمہ جل جلالہ ہی تو ہیں جن کی عبادت خود اللہ بھی کرتا ہے۔۔ حضرت ابوذرؓ نے فرمایا یا رسول اللہ جل جلالہ کچھ وضاحت فرمادیں۔۔

رسول اللہ جل جلالہ نے فرمایا حقیقت یہ ہے کہ فاطمہ جل جلالہ کی نعالین پاک کی خاک میں سیکڑوں خدا اپنی تمام تر خدائی کے ساتھ موجود ہوتے ہیں۔۔ فاطمہ جل جلالہ توحید کی پروردگارِ اعظم ہیں۔۔ فاطمہ جل جلالہ کی رضا سے اللہ کا وجود قایم ہے۔ جس لمحے جنابِ فاطمہ زہرا جل جلالہ کی رضایت شامل نہ رہی اللہ کا وجود بھی قایم نہیں رہے گا۔۔

اے ابوذرؓ یہ جان لو جنابِ فاطمہ جل جلالہ جسے چاہیں خالق بنادیں جسے چاہیں مخلوق بنادیں جسے چاہیں افضل بنادیں اور جسے چاہیں کمتر بنادیں۔۔ کائنات عالم کا تمام تر نظام فاطمہ جل جلالہ کے ہاتھوں میں ہے۔۔ جو ہوتا ہے جہاں ہوتا ہے جیسا ہوتا ہے جب ہوتا ہے سب جنابِ فاطمہ جل جلالہ کی مرضی ومنشا سے ہوتا ہے۔۔۔ جو فاطمہ جل جلالہ کا دل دکھائے گا وہ تباہ و برباد ہوگا اور جو فاطمہ جل جلالہ کی رضا حاصل کرلے گا اس کو جو مقام عطا ہوگا اس کا انسانی تصور میں آنا ممکن نہیں۔۔

آیت العظمیٰ رہبر معظم امام برحق مولا محمد باقر جل جلالہ سے ایک صحابی نے پوچھا کے مولاؑ جب دنیا کا سارا نظام آپ معصومینؑ کے ہاتھوں میں ہے تو ایسے حالات میں خدا کیا کرتا ہے۔۔؟ کیا خدا کچھ بھی نہیں کرتا۔۔؟؟ مولا باقرؑ نے فرمایا خدا عبادت میں مشغول رہتا ہے۔۔ صحابی نے پوچھا خدا کس کی عبادت کرتا ہے۔۔؟؟ خدا کون سی عبادت کرتا ہے۔۔؟؟ مولا باقرؑ نے فرمایا خدا اسلمائی بن کر درِ جناب زہرا جل جلالہ کی جاروب کشی کرتا ہے۔۔۔ یہ ہی اس کی عبادت ہے۔۔۔